AHMAD NESAR
Kids Campus School
Mohammad Ali Road, City Colony
Post-'B' Polytechnic, Dist-Dhanbad
Jharkhand-828130
Mob : 08409242211

غزل

احمد نثار
کڈس کیمپس اسکول
محمد علی روڈ، سیٹی کالونی، پوسٹ 'بی' پولی ٹیکنک
ضلع۔دھنباد (جھارکھنڈ)-828130

سورج، چاند، ستارے پانی
انکا کون اُتارے پانی

اک دوجے کی آنکھوں میں اب
ڈھونڈرہے ہیں سارے پانی

لبِ ہوس پھر چوم رہے ہیں
ہونٹوں کے انگارے، پانی

آنگن میں دیوار اٹھاکر
کروائے بٹوارے پانی

سونامی بن دکھلاتا ہے
دہشت ناک نظارے پانی

موجوں کو کیا لینا دینا
جیتے پانی، ہارے پانی

دھول بھرا ہے ہر اک چہرہ
کوئی منہ پر مارے پانی

دھرتی کب سے چیخ رہی ہے
میگھارے، برسارے پانی

جیسے لیکر گھوم رہا ہو
ہاتھوں میں انگارے پانی

AHMAD NESAR
Kids Campus School
Mohammad Ali Road, City Colony
Post-'B' Polytechnic, Dist-Dhanbad
Jharkhand-828130
Mob : 08409242211

احمد نثار
کڈس کیمپس اسکول
محمد علی روڈ، سیٹی کالونی، پوسٹ 'بی' پولی ٹیکنک
ضلع۔ دھنباد (جھارکھنڈ)-828130

غزل

راس آئے نہیں اچھے حالات بھی
اک تماشہ، نہیں تھی مری ذات بھی

کون مجھ سے مخاطب ہے کیسے کہوں
اجنبی سے کبھی ہو ملاقات بھی

خون روتا رہا گھر کا بوڑھا شجر
رقص کرتے رہے اس پہ جنّات بھی

دن سرابوں کا دریا تھا بہتا رہا
چہرے اپنے بدلتی رہی رات بھی

میں فنا اور بقا کی گرہ کھول دوں
زندگی سے اگر ہو ملاقات بھی

ساتھ ماں کی دُعاؤں کا سایہ رہا
مجھ پہ تارے لٹاتی رہی رات بھی

مال و زر سے بھرے ہونگے دامن سبھی
لینے والے ملیں گے نہ خیرات بھی

کوئی موسم طبیعت کو بھاتا نہیں
گھر جلانے لگی اب تو برسات بھی

AHMAD NESAR
Kids Campus School
Mohammad Ali Road, City Colony
Post-'B' Polytechnic, Dist-Dhanbad
Jharkhand-828130
Mob : 08409242211

احمد نثار
کڈس کیمپس اسکول
محمد علی روڈ، سیٹی کالونی، پوسٹ 'بی' پولی ٹیکنک
ضلع۔ دھنباد (جھارکھنڈ)-828130

غزل

تلخئ زہر غم پی گئی زندگی
ہوگئی اور بھی سانولی زندگی

دشمنوں سے عداوت نہیں اب رہی
ذائقہ دے گئی اک نئی زندگی

حُسن یوسف کے سارے خریدار تھے
درد اپنا کہاں بیچتی زندگی

مسئلے خود بخود ختم ہوتے گئے
راس آئی تری دوستی زندگی

ہے کہاں تیری منزل بتادے مجھے
ہر طرف دوڑتی بھاگتی زندگی

ہم فقیروں سے کچھ بھی نہیں ہے چھپا
گرد ہوتی رہی خاک سی زندگی

پاؤں میں اسکے زنجیر ڈالی گئی
اپنے محور پہ کیا گھومتی زندگی

اس کو مہلت سنورنے کی ملتی اگر
قربتِ خوش رخاں ڈھونڈتی زندگی

رکھئے اس کو بچا کر اے احمد نثآر
چمپئی، سرمئی، منچلی زندگی

AHMAD NESAR
Kids Campus School
Mohammad Ali Road, City Colony
Post-'B' Polytechnic, Dist-Dhanbad
Jharkhand-828130
Mob : 08409242211

احمد نثار
کڈس کیمپس اسکول
محمد علی روڈ، سیٹی کالونی، پوسٹ 'بی' پولی ٹیکنک
ضلع۔دھنباد (جھارکھنڈ)-828130

غزل

جہاں بھر خاکساری کا
تقاضا شہریاری کا
ہے موسم بے قراری کا
ہماری جاں نثاری کا
ابھی شعلوں کی زد میں ہے
علاقہ برف باری کا
بہت گہرا تعلق تھا
پیمبر سے حواری کا
بُرا انجام ہوتا ہے
تکبّر میں مداری کا
کئی مطلب نکالیں گے
ہماری بے قراری کا
کبھی الٹا نکلتا ہے
نتیجہ خاکساری کا
کبھی دہشت کا ماتم تھا
کبھی بے روزگاری کا
بہت منحوس رشتہ ہے
محبت، ہوشیاری کا
ہمارے نام لکھ دینا
علاقہ چاند ماری کا
پڑا ہے قید خانے میں
پرندہ خاکساری کا

AHMAD NESAR
Kids Campus School
Mohammad Ali Road, City Colony
Post-'B' Polytechnic, Dist-Dhanbad
Jharkhand-828130
Mob : 08409242211

احمد نثار
کڈس کیمپس اسکول
محمد علی روڈ، سیٹی کالونی، پوسٹ 'بی' پولی ٹیکنک
ضلع۔ دھنباد (جھارکھنڈ)-828130

غزل

سکوں میں تھوڑی حیرانی بھی دیگا
سلگتے شہر کو پانی بھی دیگا

صفاتی رنگ کو معنی بھی دیگا
مجھے اک روز سلطانی بھی دیگا

سکھائے گا نئے پرواز کے فن
رگوں میں میری طغیانی بھی دیگا

فقیر اس نے بنایا ہے اگر تو
کسی دن درکی دربانی بھی دیگا

عدالت ہے تری، حق میں ہمارے
گواہی دشمنِ جانی بھی دیگا

ریاست لے چکے اس کی پیادے
جوئے میں شاہ اب رانی بھی دیگا

سدا احساس یہ غالب رہا ہے
مرا رب مجھ کو آسانی بھی دیگا

مجھے اتنا یقیں ہے میرا بیٹا
بوقتِ جاں کنی پانی بھی دیگا

کسی حرفِ ندامت کا ہوں کتبہ
مجھے پڑھنا پریشانی بھی دیگا

لہو رونے سے کچھ حاصل نہیں ہے
سزائے دردِ طولانی بھی دیگا

اسے دنیا مرے جیسا نہ سمجھے
غزل میں سمتِ امکانی بھی دیگا

AHMAD NESAR
Kids Campus School
Mohammad Ali Road, City Colony
Post-'B' Polytechnic, Dist-Dhanbad
Jharkhand-828130
Mob : 08409242211

غزل

احمد نثار
کڈس کیمپس اسکول
محمد علی روڈ، سیٹی کالونی، پوسٹ 'بی' پولی ٹیکنک
ضلع۔ دھنباد (جھارکھنڈ)-828130

تیلیاں بجھ چکیں کدورت کی
لَو چمکنے لگی ہے چاہت کی

وقت پل میں نکال دیتا ہے
ہیکڑی ہر دراز قامت کی

ہے یہ اعزاز اک سخنور کا
شاعری مثل ہو عبادت کی

میرے الفاظ ہو گئے شاداب
فن کسوٹی پہ تھا ریاضت کی

جسم کیا ذہن بھی سلگنے لگا
سرد موسم میں لو قیامت کی

مجھ سے رستہ یہ بولتا ہے نثارؔ
راہ آساں نہیں ہے شہرت کی

AHMAD NESAR
Kids Campus School
Mohammad Ali Road, City Colony
Post-'B' Polytechnic, Dist-Dhanband
Jharkhand-828130
Mob : 08409242211

احمد نثار
کڈس کیمپس اسکول
محمد علی روڈ، سیٹی کالونی، پوسٹ 'بی' پولی ٹیکنک
ضلع۔ دھنباد (جھارکھنڈ)-828130

غزل

سیّارے میقات بدلتے رہتے ہیں
سب قدرت کے ہات بدلتے رہتے ہیں

خواہش اور جذبات بدلتے رہتے ہیں
ہم موسم کے ساتھ بدلتے رہتے ہیں

تب جاکر کچھ لوگ دھنی ہوجاتے ہیں
ہر دن ترجیحات بدلتے رہتے ہیں

آئینوں سے سمجھوتہ نا ممکن ہے
ہم چہرے دن رات بدلتے رہتے ہیں

اسی ندی سے آج گذر کر جانا ہے
جسے بھنور بدذات بدلتے رہتے ہیں